ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال

پہلا سمیسٹر ۲۰۲۰ – ۲۰۲۱ (چھٹیوں کا کام)

کتاب: تربیتی نصاب حصہ دوم۔ قرآنی عربی: کلاس ہفتم

الأسبوع الثامن (آٹھواں ہفتہ) اجون تا۵ جون ۲۰۲۰ء۔

النصاب المقرر (مجوزہ نصاب)

(۱) تجوید القرآن: سورۃ الماعون (ھجے مع رواں)، تشدید کا تعارف اور اجراء۔

(۲) اخلاق وآداب: گھر کے آداب (تحفیظ + کتابت)۔ (صفحہ نمبر ۵۹)

مشقی سوالات

س۱- تشدید کسے کہتے ہیں؟

س۲- مشدد حروف کو کیسے پڑھتے ہیں؟

س۳- سورۃ الماعون کو قواعد تجوید کے مطابق پڑھنے کی مشق کریں اور اس میں سے مشدد حروف والے کلمات کو تلاش کر کے لکھیں۔

س۴- گھر کے آداب کے متعلق جو آپ جانتے ہیں ان آداب کو خوشخط کر کے لکھیں اور زبانی یاد کریں۔

س۵- گھر میں داخل ہونے کی دعا کیا ہے؟ اس دعا کو زبانی یاد کریں اور خوشخط کر کے لکھیں۔

س۶- گھر سے نکلنے کی دعا کیا ہے؟ اس دعا کو زبانی یاد کریں اور خوشخط کر کے لکھیں۔

الأسبوع التاسع (نواں ہفتہ) ۸جون تا۱۳ جون ۲۰۲۰ء۔

النصاب المقرر (مجوزہ نصاب)

(۱) تجوید القرآن: سورۃ القریش (ھجے مع رواں) + حروف مدہ ولین کی پہچان اور ادائیگی۔

(۲) ایمانیات: کلمہ توحید (حفظ مع لفظی و بامحاورہ ترجمہ + کتابت)۔(صفحہ نمبر ۱۹)

مشقی سوالات

س۱- سورۃ القریش کی ہجے اور روانگی کے ساتھ پڑھنے کی مشق کریں اور اس کی آیات میں غور کریں کہ کہاں کہاں حروف مدہ اور حروف لین والے کلمات آئیں ہیں، پھر ان کلمات کو الگ الگ کر کے لکھیں۔

س۲- کلمہ توحید کو زبانی ترجمہ کے ساتھ یاد کریں اور خوشخط کر کے مع ترجمہ بھی لکھیں۔

س۳-"اس کا کوئی شریک نہیں ہے" اس کی عربی لکھیں۔

س۴- " وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ " اس کا اردو ترجمہ لکھیں۔

الأسبوع العاشر (دسواں ہفتہ) ۱۵جون تا۲۰ جون ۲۰۲۰ء۔

النصاب المقرر (مجوزہ نصاب)

(۱) اسمائے حسنیٰ: تعارف + فضیلت، حفظ مع ترجمہ + کتابت۔(**هو الله تا المتكبر**)۔(صفحہ نمبر ۲۰)

مشقی سوالات

س۱- اسمائے حسنیٰ کسے کہتے ہیں؟

س۲- اسمائے حسنیٰ کو یاد کرنے کے بارے میں حضور اکرم ﷺ نے کیا فضیلت بیان فرمائی ہے؟

س۳- اللہ تعالیٰ کے نام **هو الله** سے **المتكبر** تک زبانی ترجمہ کے ساتھ یاد کریں اور مع ترجمہ خوشخط کر کے لکھیں۔

الأسبوع الحادي العاشر (گیارواں ہفتہ) ۲۲جون تا ۲۷ جون ۲۰۲۰ء۔

النصاب المقرر (مجوزہ نصاب)

(۱) تجوید القرآن: سورۃ الفیل (ھجے مع رواں)، را کے قاعدے اور اجراء۔

(۲) احادیث: کھانے کا اہم ادب، صلہ رحمی کا حکم۔ (حفظ مع ترجمہ)

مشقی سوالات

س۱-را کو موٹی یعنی پُر کب پڑھیں گئے؟

س۲- سورۃ الفیل کو قواعد تجوید کے مطابق پڑھنے کی مشق کریں اور اس میں سے پُر یعنی موٹی راوالے کلمات کو تلاش کر کے لکھیں۔

س۳- " کھانے کا اہم ادب" اس عنوان پر حدیث عربی اور اردو ترجمہ کے ساتھ خوشخط کر کے لکھیں اور زبانی یاد کریں۔

س۴-صلہ رحمی کے متعلق حدیث، عربی اور اردو ترجمہ کے ساتھ زبانی یاد کریں اور خوشخط کر کے لکھیں۔

نوٹ

۱- عزیز طلباوطالبات قواعد تجوید کے متعلق مکمل اور تفصیلی معلومات اپنی درسی کتاب (تربیتی نصاب حصہ اول) سے حاصل کر سکتے ہیں یا آپ نیچے دیے گے لنک سے رہنمائی لے سکتے ہیں۔

https://www.maktab.com.pk

۲-نماز پنجگانہ کی باقاعدگی سے ادائیگی کریں۔

۳- قرآن مجید کی تلاوت قواعد تجوید کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے باقاعدگی سے کریں۔